بمعین مطلق و فیض توفیق خدائی حق جل جلالہ

حسب فرمایش تاجران ذیشان جناب حاجی شیخ رحمت علی صاحب و شیخ محمد عبدالغفور صاحب

5704
5703

نسخہ

بحسن سعی و کمال صحت مولانا خواجہ محمد صاحب غفر اللہ لہ و لوالدیہ بتاریخ ۱۱ شوال ۱۳۱۸ھ

در مطبع تاجرانی گلشن واقع محلہ بنگش لکھنؤ طبع شد

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله على نواله والصلوٰة والسلام على رسوله محمد وآله وصحابه

ای عزیزو سمجھو تم اس بات کو کہ مسلمان ہونا بڑی نعمت ہی جو کوئی مسلمان ہوتا ہی وہ دنیا مین بھی اوسپر رحمت ہوا اور آخرت مین بڑے بڑے درجے بہشت مین پاوے اور بغیر مسلمان ہوے دنیا مین بھی اوسپر رحمت نہین ہوتی اسواسطے ہر انسان پر لازم ہی کہ پہلے ایمان اور اسلام کے مسئلے سیکھے اور اپنی اولاد اور سب گھر کے آدمیون کو سکھاوے تو مرنیکے پیچھے عذاب سے نجات پاوے اور نہین تو بہت عذاب دیکھیگا یہ بھی اوسکے گھر والے بھی آپ سنو تم دل سے مسئلے دین کے ہماری کتابون معتبر سے نکال کر بیان کرتا ہون فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ بنیاد اسلام کی پانچ چیزین ہین اول کلمہ شہادت کا دوسری نماز تیسری روزہ چوتھی حج پانچوین زکوٰۃ اب سنو تم پہلے کلمے کے معنی فرض یہی ہی مسلمان ہر کہ زبان سے اقرار کرے اور دل سے سچ جانے کہ پیدا کرنے والا سارے جہان کا ایک اللہ ہی اوسکا نام پاک ہی کوئی اوسکا شریک نہین سب بڑائیان اور کمال اوسی کو ہین اور وہ سب عیبون سے پاک ہی کسی کام مین کسی کا محتاج نہین اور سب اوسکے محتاج ہین سب چیزون کی اوسے خبر ہے ایک ذرہ اوس سے چھپا نہین اوسے سب چیزون کی قدرت ہی جو چاہے سو کرے کوئی وسکے حکم کو پھیر نہین سکتا اور جو کچھ بندے کام کرتے ہین بھلا یا برا بلکہ جو دنیا مین ہوتا ہے سب خدا کی تقدیر یعنی جو خدا نے پہلے ہی مقرر کر رکھا تھا کہ فلانے وقت ایسا ایسا ہوگا اور ایمان لاوے کہ بندے خدا کے بین پیدا ہوے نور سے پاک ہین گناہ نہین کرتے جس جس کام پر

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الحمد للہ علی نوالہ والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ محمد وآلہ وصحابہ
ای عزیزو سمجھو تم اس بات کو کہ مسلمان ہونا بڑی نعمت ہی جو کوئی مسلمان ہوتا ہی وہ دنیا مین بھی اوسپر رحمت ہوا اور آخرت مین بڑے بڑے درجے بہشت مین پاوے اور بغیر مسلمان ہوے کوئی عبادت قبول نہین ہوتی اسواسطے ہر انسان پر لازم ہی کہ پہلے ایمان اور اسلام کے مسئلے سیکھے اور اپنی اولاد اور سب گھر کے آدمیون کو سکھاوے تو مرنیکے پیچھے عذاب سے نجات پاوے اور نہین تو بہت عذاب دیکھیگا یہ بھی اوسکے گھر والے بھی آپ سنو تم دل سے مسئلے دین کے ہماری کتابون معتبر سے نکال کر بیان کرتا ہون فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ بنیاد اسلام کی پانچ چیزین ہین اول کلمہ شہادت کا دوسری نماز تیسری روزہ چوتھی حج پانچوین زکوٰۃ اب سنو تم پہلے کلمے کے معنی فرض یہی ہی مسلمان ہر کہ زبان سے اقرار کرے اور دل سے سچ جانے کہ پیدا کرنے والا سارے جہان کا ایک اللہ ہی اوسکا نام پاک ہی کوئی اوسکا شریک نہین سب بڑائیان اور کمال اوسی کو ہین اور وہ سب عیبون سے پاک ہی کسی کام مین کسی کا محتاج نہین اور سب اوسکے محتاج ہین سب چیزون کی اوسے خبر ہے ایک ذرہ اوس سے چھپا نہین اوسے سب چیزون کی قدرت ہی جو چاہے سو کرے کوئی وسکے حکم کو پھیر نہین سکتا اور جو کچھ بندے کام کرتے ہین بھلا یا برا بلکہ جو دنیا مین ہوتا ہے سب خدا کی تقدیر یعنی جو خدا نے پہلے ہی مقرر کر رکھا تھا کہ فلانے وقت ایسا ایسا ہوگا اور ایمان لاوے کہ بندے خدا کے ہین پیدا ہوے نور سے پاک ہین گناہ نہین کرتے جس جس کام پر

بسم اللہ الرحمن الرحیم — بیان ایمان مجمل — بیان ایمان مفصل — بیان اسلام

مقرر کردیا اوسپر قائم ہین نہ مرد ہین نہ عورت کھانے پینے نہین خدا کا ذکر اونکی زندگی ہی گنتی انکی خدا کے سوا کوئی نہین جانتا اور ہمین چار فرشتے بہت نامور ہین جبرئیل کہ کتابین خدا کی اور حکم خدا کے پیغمبرو پاس لایا کرتے تھے میکائیل کہ روزی خدا کے حکم سے بندون کو پونہچاتے ہین اور مینہ کی طیاری بھی کرتے ہین اسرافیل کہ صور منہ مین لیے کھڑے ہین قیامت کے دن پھونکین گے عزرائیل کہ سب کے وقت جان نکالتے ہین اور ایمان لاوے کہ خدا نے کتابین پیغمبرون کو بھیجی ہین توریت حضرت موسیٰ پر انجیل حضرت عیسیٰ پر زبور حضرت داؤد پر قرآن حضرت محمد مصطفےٰ پر علیہم الصلوٰۃ والسلام اور بعضی کتابین اور پیغمبرون پر جو کچھ خدا کی کتابون مین لکھا ہی سب پر ایمان لاوے اور ایمان لاوے کہ خدا نے بندون کی ہدایت کیواسطے دنیا مین پیغمبرون کو بھیجا اور حکم کیا کہ جس راہ پیغمبر چلین اوسی راہ پر چلین دین دنیا تمہارا درست رہے جو کوئی دوسری راہ چلے گا دوزخی ہوگا سب پیغمبر حق ہین اور گناہون سے پاک اور ساری خدائی سے افضل ہین اونکے درجے کو کوئی نہین پہونچتا ہی اور ہمارے پیغمبر حضرت آدم ہین باپ سب آدمیون کے اونکے پیچھے اولاد سے اونکی اور بہت سے پیغمبر ہوئے گنتی انکی خدا کو معلوم ہے آخر سب سے پیچھے دنیا مین حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم آئے اور پیغمبری حضرت ختم ہوئی پر نور حضرت کا سب سے پہلے پیدا ہونا اسی واسطے حضرت سب پیغمبرون کے سردار ہین پیدا ہوئے مکہ شریف مین جب چالیس برس کے ہوئے تب خدا کی طرف سے پیغمبری ملی اور قرآن شریف اوترنا شروع ہوا پیغمبر تیرہ برس مکہ شریف مین اور رہے وہان معراج ہوئی حضرت جبرئیل براق لیکر آئے حضرت کو سوار کر کے مسجد اقصےٰ مین لیگئے اور وہان سے ساتون آسمان پر حضرت تشریف لیگئے عرش و کرسی سب کچھ دیکھا اور بہشت اور دوزخ کی سیر کی اور اوس رات مین بڑی بڑی نعمتین خدا کیطرف سے پائین اور پانچون وقت کی نماز اونپر فرض ہوئی پھر جب حضرت ترپن برس کے ہوئے خدا کے حکم سے مکہ شریف سے مدینہ پاک مین آئے دس برس وہان اور رہے جب ترسٹھ برس کے ہوئے وفات پائی چنانچہ قبر شریف حضرت کی وہان ہے چار کرسی حضرت کی یہ ہین محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبد مناف اور ایمان لاوے کہ مرنے کے پیچھے آدمی کے پاس دو فرشتے منکر اور نکیر آکے سوال کرتے ہین رب تیرا کون ہے دین تیرا کیا ہے یہ کون شخص ہین کہ تمہارے پاس آئے تھے مردہ اگر با ایمان ہی جواب اونکو دیتا ہی رب میرا اللہ دین میرا اسلام اور یہ شخص رسول خدا کے ہین ہمارے واسطے خدا کے حکم لیکر آئے تھے پھر اوس مردے پر خدا کی رحمت ہوتی ہے بہشت کی طرف دروازہ اوسکے واسطے کھول دیتے ہین اور جو یہ مردہ بے ایمان تھا منکر نکیر کا جواب اوسے نہین آتا ہر بار کہتا ہی مین نہین جانتا پھر اوسپر عذاب سخت کرتے ہین اور

دروازہ دوزخ کیطرف کھول دیئے جائینگے اور ایمان لاوے کہ قیامت آنا برحق ہے اول زمانہ حضرت
اسرافیل صور پھونکینگے آسمان پھٹ جاوینگے اور تارے ٹوٹ جاوینگے اور ٹوٹ کر گرینگے اور
اور پہاڑ اوڑینگے پھر زمین سب جیسے روئی کے گالے پھر زمین آسمان اور سارا جہان فنا ہوگا جب دوسری
بار صور پھونکینگے پھر سب کچھ موجود ہوجائیگا مردے قبروں سے نکلینگے اور ترازو عمل کی کھڑی کی
اور نامے اعمال کے اونکے ہاتھ میں دینگے اور حساب کرینگے ہاتھ پاؤں اونکی گواہی دینگے
کہ بھلے کام کیئے تھے یا برے اور دوزخ کی پیٹھ پر پل صراط کھڑا ہوگا بال سے باریک اور تلوار سے
تیز اوسپر چلنے کا حکم ہوگا نیک ایسے چلے جائینگے کہ جیسے بجلی یا جیسے ہوا جیسے گھوڑا تیز اور بعضے
پیادوں کیطرح اور بلبت سے دوزخ میں گر گرینگے اور ایمان لاوے کہ حق تعالیٰ نے حضرت
حوض کوثر دیا ہے پانی اوسکا شہد سے میٹھا اور دودھ سے سفید ہے کوزے اوسکے آسمان کے
حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اوسپر بیٹھے کر قیامت کے دن اپنے امت کو پانی پلاوینگے جو کوئی
پھر پیاسا نہوگا اور ایمان لاوے کہ حضرت رسول خدا اور سارے پیغمبر اور اولیا اور نیک آدمی شفاعت
گنہگاروں کی قیامت کے دن کرینگے اور ایمان لاوے کہ مسلمان کو بڑی بڑی نعمتیں بہشت میں ملینگی
کھانیکو میوے پینے کو شربت خدمت کو حورین اور غلمان رہنے کو مکان اچھے اچھے سب سے
بڑی نعمت بہشت میں دیدار خدا کا ہے کہ اپنے فضل سے مسلمان کو نصیب کرے گا اور
کافرون کو دوزخ میں بڑے بڑے عذاب ہونگے آگ سانپ بچھو گرم پانی طوق زنجیر کانٹے پیپ
کے کھانا اور بہت سے عذاب ہیں حق تعالے دنیا سے ساتھ ایمان کے اوٹھاوے اور سب مسلمانکو
عذاب سے بچاوے اور ایمان لاوے کہ جو کچھ قرآن اور حدیث میں بہشت دوزخ کا احوال اور اگلی پچھلی
باتیں لکھی ہیں سب حق ہیں اور جو بات موافق شرع کے ہی حق ہے اور جو بات خلاف قرآن اور حدیث کے
ہے سب باطل ہے اور بری ہے اور ہر مسلمان پر لازم ہے کہ حضرت رسول خدا کی خوشی کیواسطے حضرت کے
اہل بیت اور ازواج مطہرات سے اور حضرت کے یارون سے محبت اور اعتقاد رکھے اور تمام امت
میں اونکو افضل اور بہتر سمجھے اور اون سبکے تعظیم کرے جب کسی کا نام اونمیں سے سنے رضی اللہ عنہ کہے
قرآن میں اونکی بڑی تعریف ہے اور حضرت نے بہت سی خوبیاں اونکی بیان کی ہیں دوست اونکا بہشتی
اور دشمن اونکا دوزخی ہے اون سب میں حضرت ابوبکر حضرت عمر حضرت عثمان حضرت علی کو
افضل جان کے بہت سا اعتقاد اور تعظیم کرے رضی اللہ عنہم اجمعین ان سب باتون پر اعتقاد
کرے حق جان کے پکا مسلمان ہو کے مسئلے وضو نماز کے سیکھے اور نماز

سارے بندوں پر فرض ہے کہ ہر فرض خدا کا سمجھ کے پانچوں وقت کو نماز جماعت سے ادا کرے اور کسی سے کبھی حرکت نکرے مگر یا حضرت رسول خدا نے جو کوئی محافظت کرے نماز پر ہوگا واسطے اوسکے نور اور حجت اور نجات دن قیامت کے اور جو کوئی محافظت کرے نماز پر نہ اوسے نور ہوگا نہ حجت نہ نجات اور ہوگا محشور دن قیامت کے ساتھ قارون اور فرعون اور ہامان اور اُبی بن خلف کے اور فرمایا حضرت نے کہ تم اپنی اولاد کو نماز کرین جب سات برس کے ہوون اور جب دس برس کے ہوون مار کر نماز پڑھاؤ

بیان وضو کا فرض وضو مین چار ہین ایک سونہہ دھونا ماتھے کے بالون سے تھوڑی کے نیچے تک اور دونون کانون تک دوسرے دونون ہاتھ دھونا کہنیون سمیت تیسرے چوتھائی سر کا مسح کرنا چوتھے دونون پاؤن دھونا ٹخنون سمیت ان چار چیز سے اگر بال برابر سوکھا رہے وضو صحیح نہو سنت یون ہے کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھکے دونون ہاتھ پونہچون تک تین بار دھوئین پھر منہ مین کلی کرین سواک سمیت اور تین بار ناک مین داہنے ہاتھ سے پانی ڈال کے بائین سے ناک جھاڑین اور تین بار سونہہ دھوئین اور تین بار دونون ہاتھ کہنیون سمیت دھوکے ایکبار سارے سر کا مسح کرکے کانون کا مسح کرین اور تین بار ٹخنون سمیت دونون پاؤن دھوئین وضو تمام ہوا وضو کرتے ہوئے کلمہ شہادت کا پڑھے اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ اور دوگانہ نفل پڑھے ثواب بہت پاوے وضو کرتے ہوئے دنیا کی بات کرنی مکروہ ہے اور بہت پانی ڈالنا برا ہے

نواقض وضو کے جو نجاست آدمی کے آگے پیچھے سے نکلے وضو ٹوٹ جاوے اور لہو یا پیٹ نکل کے بہے وضو ٹوٹ جاوے اور چت پاکر وٹ لگ کے تکیہ دے کے سوئے وضو ٹوٹ جاوے اور جو قاعدہ بند و بست نماز کے ہین سو جاوے مگر ٹیار رکوع ہین یا سجدے مین یا بیٹھا ہوا ہو وضو نہین ٹوٹتا جو دو ہیلا نہوا ہو اور جو نشہ پی کر مست ہو یا بیماری سے غشی ہو یا باؤلا ہو وضو ٹوٹ جاوے

بیان غسل کا غسل کے اندر فرض تین چیز ہین کلی کرنا ناک مین پانی ڈالنا سارے بدن پر ایک بار پانی بہانا سنت یون ہے کہ پہلے ہاتھ دھوئے اور ناپاکی بدن سے دور کرے پھر وضو کرے پھر بدن پر تین بار پانی بہاوے غسل جماع سے فرض ہوتا ہے دونون پر منی نکلی یا نہ نکلی اور جو سوتا اوٹھا اور بدن یا کپڑے پر منی پائی غسل فرض ہے احتلام یاد ہو نہو پر جو احتلام یاد ہو اور بدن یا کپڑے پر اثر نہ پاوے غسل واجب نہین اگر عورت کے پاس بیٹھا اوسے ہاتھ لگایا یا بوسہ لیا اور شہوت ہوئے جیسے سالگا اسے منی کہتے ہین اسکے نکلنے سے غسل واجب نہین ہوتا پر جو ہاتھ لگنے سے منی شہوت کے کود کے

کے لکھے اور اوڑھنا ہوئی غسل واجب ہوا علما فرماتے ہیں کہ جو انسان سوتا اوٹھا اور ناپاک ہے پیشتر اوڑھنا بچھونا
پانی اوڑھنے سے چاہیے کہ احتیاط کر واسطے غسل کرے جب عورت حیض سے اور نفاس سے پاک ہوا وہ بھی غسل کرے
ہوا کثر مدت حیض کی تین دن ہیں اور زیادہ دس روز ہیں اس مدت کے اندر جس وقت کسی کا لہو بند
وہ حیض ہے جب سفید پانی آیا حیض ہو چکا غسل کر کے نماز پڑھے جتنے کے پیچھے جب تلک
پہلے نماز موقوف کرے جب خشک ہو جاوے نماز پڑھے جو لہو چالیس دن سے اگے چلا غسل کر کے
نماز پڑھے حیض اور نفاس میں نماز نہ پڑھے اور روزہ نہ رکھے جب سوکھ جاوے نماز کی قضا نہیں پر روزے
جتنے کہا وے اوتنے قضا کرے عورت سے حیض و نفاس میں جماع کرنا حرام ہے اور استحاضہ میں روا
بے وضو کو قرآن شریف پر ہاتھ لگانا روا نہیں پر یاد پر ہمار روا ہے اور حاجت غسل والا حیض والا نفاس والا
دونوں باتیں روا نہیں مسجد میں جانا بھی روا نہیں اور کعبہ شریف کی گرد پھرنا بھی روا نہیں تیمم کا بیان تیمم کا
نمازی کو پانی نہ ملے ایک کوس بھر دور ہو یا بیماری سے پانی مضر کرتا ہو پاک مٹی پر تیمم کر کے نماز پڑھے سو نماز کر
نکرے پہلے نیت کرے تیمم کرتا ہوں میں واسطے دور ہونا ناپاکی کے اور درست ہونے نماز کے تقربا الی اللہ تعالیٰ نیت کرے
دونوں ہاتھ زمین پر مارے منہ پر ملے پھر دونوں ہاتھ پر دونوں ہاتھوں کہنیوں سمیت ملے اور اسی طرح ملے کہ جتنا مونہ ہاتھ
دھونا فرض ہے سب جگہ ہاتھ پہنچے اور اگر ہاتھوں کہنیوں سمیت ملے اور ایسی طرح ملے کہ جتنا مونہ ہاتھ دھونا
فرض ہے سب جگہ ہاتھ پہنچے اور اگر ہاتھ میں انگوٹھی ہو وہ بھی ہلا دے تیمم غسل کا اور وضو کا ایک سا ہے
جیسا آدمی وضو اور غسل سے پاک ہوتا ہے تیمم سے بھی پاک ہوتا ہے وہ اس نماز قرآن پڑھا کرے جب تلک پانی نہ ملے
جب پانی ملا تیمم ٹوٹا اور جن چیزوں سے وضو ٹوٹ جاتا ہے اون ہی سے تیمم ٹوٹ جاتا ہے اگر بدن پاک ہے
ناپاک ہوا اور پاک کرنے کے واسطے پانی نہیں ملتا اوسی طرح نماز فرض پڑھے پر جو ستر کے موافق کپڑا
پاک ملے سارے کپڑے ناپاک اوتار کے نماز پڑھے **فرض نماز کے تیرہ ہیں** سات باہر نماز کے
ہیں اور چھ اندر نماز کے باہر کے سات یہ ہیں اول پاکی بدن کی دوسرے پاکی کپڑے کی تیسرے
پاکی جائے نماز کی چوتھے ستر ڈھانکنا پانچویں وقت پر نماز پڑھنی چھٹے قبلے کی طرف منہ کرنا ہونا نماز کا
نیت نماز کی دل میں کرنی یعنی جی میں سمجھنا کہ فجر کے فرض پڑھتا ہوں نیت زبان سے کرنا ضرور نہیں
چاہے کرے چاہے نکرے اگر آدمی کے بدن میں چھوٹا سا زخم ہے اور ہر وقت بہتا ہے یا کسی کا ہر وقت
پیشاب ٹپکتا ہے یا ہوا سرتی ہے بند نہیں ہوتی یا دست بند نہیں ہوتے یا کسیر چلتی ہے بند نہیں ہوتی
ایسا آدمی ہر نماز کیوقت وضو تازہ کیا کرے اور بیٹھ کر نماز پڑھا کرے نماز ترک نکرے جب وقت نماز
گیا وضو ٹوٹا مرد کو ستر ڈھانکنا ناف سے زانو سمیت فرض ہے اور عورت کو سارا بدن ڈھانکنا فرض ہے سوا

دونوں ہتھیلی اور دونوں پانوں کے آور باہی کو پیٹ اور بیٹھے سے گھٹنوں سمیت دھاکنا فرض ہی اور ران
تک ستر فرض ہی اور بیچ ہی جون سے عضو کی چوتھائی نماز مین کھل جاوے نماز ٹوٹ جاوے جیسے چوتھائی
ران کی یا چوتھائی ذکر کی یا انثین کی یا چوتھائی عورت کے سر کی یا کھین اور کھلا جاوے
بہت تھوڑا عضو ہو جاوے جیسے کپڑا ایسا سر مونہ ننگا نماز کیسے ترک نکرے کہ نماز کے ترک کا بڑا عذاب ہی جیسے
پگڑی جامہ کرتا میسر ہووے تو ٹوپی سے یا کیلی ازار سے نماز مکروہ ہے ثواب کم ہو جاتا ہے پر نماز جاتی
نہین جو ستر فرض ڈھکا ہوا گر نمازی جنگل مین ایسے مکان پر ہو کہ قبلہ معلوم نہو جھڑ ہو یا اندھیری رات
ہو اور کوئی ادنی نلی جس سے پوچھے ایسی جاگھہ سوچ کرے جسطرف دل اوسکا شہادت دے
اوسی طرف نماز کرے بغیر سوچ کے نماز درست نہین اور جو کہی آدمی ہون ہر آدمی اپنی سوچ یعنی
قیاس پر نماز کرے وقتہا نمازونکے مشہور ہین پر مستحب یون ہی کہ صبح کی نماز ذرا اول وقت سے اوجالا کرکے
پڑھے قرات سے پڑھے اور ظہر کی نماز گرمیون مین ذرا دیر سے پڑھے اور مغرب کی نماز ابر کے دن
اوبر کرکے پڑھے اور عشا کی نماز بڑی رات گئے پڑھے اور باقی نمازین اول وقت پڑھنی بہتر ہین
جسوقت سورج نکلے اور جس وقت دوپہر برابر ہو اور جسوقت سورج چھپے نماز پڑھنی درست نہین
نہ فرض نہ نفل نہ نماز جنازے کی نہ سجدہ تلاوت کا یعنے عصر کی نماز نہ پڑھی ہو نا جاری کہ سورج
چھپنے کے وقت پڑھ لے صبح کی نماز کے پیچھے سورج کے نکلنے سے پہلے اور عصر کی نماز کے پیچھے سورج
چھپنے سے پہلے نفلین پڑھنی مکروہ ہین پر قضا نماز جائز ہے چھ فرض داخل نماز کے یہ ہین اول
تکبیر تحریمہ یعنی اللہ اکبر کہکے نماز شروع کرنی دوسرے کھڑے ہوکے نماز پڑھنی تیسرے
قرات یعنی نماز مین کچھ قرآن شریف پڑھنا چوتھے رکوع پانچوین دو سجدے ہر رکعت مین
کرنے چھٹے قاعدہ آخر یعنے آخر نماز کے التحیات کے قدر بیٹھنا فرض نماز اور وتر بیٹھکے
پڑھنی بغیر بیماری کے صحیح نہین اور سنت اور نفل بیٹھکے بھی جائز ہے پر کھڑے ہوکے
پڑھنا بہت ثواب ہے یہ تیرہ فرض نماز کے ہین انمین سے اگر ایک بھی ترک کرے نماز ٹوٹ جائی پھر
نماز پڑھے امام اعظم صاحب کے مذہب مین ایک آیت قرآن کی پڑھنی نماز مین فرض ہی اور ایک
آیت سے زیادہ پڑھنا واجب ہی نا سنت پر اور اماموں کے مذہب مین ساری الحمد پڑھنی فرض
ہی قرات دو رکعت فرضون مین فرض ہے اور باقی مین سنت ہی اور جو وتر اور سنت اور نفل ہو ہر رکعت
مین قرات فرض ہی واجب نماز کے چودہ ہین اول ساری الحمد پڑھنی دوسرے
الحمد کے پیچھے سورت ملی ہوئی پڑھنے تیسرے رکوع سجدون مین دیر کرنی چوتھے

رکوع کرے سیدھا کھڑا ہو سجدے کو جاتا پانچوین ایک سجدہ کرکے بیٹھے دوسرا سجدہ کرکے
درمیان نماز کے التحیات کے واسطے بیٹھنا ساتوین التحیات دونون قاعدون مین پڑھنی آٹھوین نکاح
کے پڑھنا جہان پکار کے پڑھتے ہین امام کو اور آہستہ پڑھنا جہان آہستہ پڑھتے ہین نوین الفلاح جمعہ
ورجمعہ اللہ آخر نماز کے کہنا دسوین دعاے قنوت وترین پڑھی گیارھوین چھ تکبیرین دو رکعتون عید
کی نماز مین پڑھنی بارھوین چار رکعت فرض ہین سے دو رکعت اول کو قرارت کے واسطے مقرر کرنا
تیرھوین جو فرض بار بار ہر رکعت مین آتے ہین اون مین ترتیب رعایت کرنی چودھوین ہر واجب
مین ترتیب نگاہ رکھنی سب چودہ واجب ہوئے اونہین سے اگر قصد کرکے ایک بھی ترک کرے گا نماز
جاتی رہین پر نہایت مکروہ ہوتی ہے اور جانے کے پاس ہو جاتی ہے واجب ہے کہ پھیرے اس نماز کو
پڑھے اور جو ان واجبون مین ایک یا زیادہ ایک سے بھول کے ترک کیا اور آخر نماز کے سجدہ سہو
کا کر لیا نماز صحیح ہوئی اور جو سجدہ سہو کا نکیا واجب ہے کہ یہ نماز پھیر کے پڑھے اور جو پھیرے نماز نہ
پڑھی فرض اتر گیا واجب کے ترک سے گناہ سر پر رہا سجدہ سہو کا یہ ہے کہ جب آخر کی التحیات
پڑھ چکے داہنی طرف سلام پھیر کے دو سجدے کرے پھر التحیات درود دعا پڑھ کے سلام پھیرے
لازم ہے ہر مسلمان پر کہ الحمد اور کئی صورتین قرآن کی اور جو چیز کہ نماز کے اندر پڑھی جاتی ہے خوب صحیح
کر کے یاد کرے اور نہین تو گنہگار ہوگا بلکہ بعضی غلطیون سے نماز جاتی رہے گی اگر الحمد سے پہلے بھول کے
سورت پڑھ لیا یا ایک آیت پڑھ گیا سجدہ سہو کا واجب ہو گیا جو الحمد کے پیچھے پہلے یا دوسرے رکعت
مین سورہ پڑھنا بھول گیا تیسرے یا چوتھے مین الحمد کے پیچھے پڑھے اور سجدہ سہو کا کرے
امام پر واجب ہے کہ دو رکعت صبح اور مغرب اور عشا اور جمعہ اور عیدین اور تمام تراویح مین قرارت بلند
کے پڑھے اور پڑھنا ہوا قضا اگر بھول کے آہستہ پڑھے سجدہ سہو کرے اور اکیلا آدمی مختار ہے چاہے
ان نمازون مین پکار کے پڑھے چاہے آہستہ اگر وقت پر پڑھنا ہو پکار کے پڑھنا اچھا ہے اور جو کہ قضا
قضا پڑھتا ہو آہستہ پڑھے پکار کے جائز نہین اور ظہر عصر کی نمازین اور دن کی نفلون مین
سب آہستہ پڑھے پکار کے جائز نہین اگر دو رکعت پڑھ کے التحیات کے واسطے بیٹھنا
بھول گیا جب تلک سیدھا کھڑا نہین ہوا بیٹھ جائے اور التحیات پڑھے اور سجدہ سہو کا لازم
نہین اور جو سیدھا کھڑا ہو گیا پھر نہ بیٹھے آخر نماز کے سجدہ سہو کا کرے اور جو پھر بیٹھے
جائیگا نماز لوٹ جائیگی اور جو چار رکعت پڑھ کے پانچوین کے واسطے کھڑا ہوا اور التحیات بھول گیا
جب تلک پانچوین رکعت کا سجدہ نہین کیا بیٹھ جائے اور التحیات پڑھے اور سجدہ سہو کا کرے

پھیرنے نماز درست ہوگئی اور جو پانچوں رکعت کا سجدہ کیا فرض باطل ہوئے یہ نماز نفل ہوگئی
التحیات پڑھ کے سجدہ سہو کا کر کے سلام دے اب چار رکعت نفل ہوئیں اور ایک رکعت قضا ہوئی
اور جو چوتھے پانچوں کے ساتھ ایک رکعت اور پڑھ کے چھ پوری کر کے سجدہ سہو کا کر کے سلام دے
اب چھتوں نفلیں ہو جائیں گی اور جو چار رکعت کے پیچھے التحیات پڑھ کے بھول کے پانچویں
کی طرف کھڑا ہو جائے جب یاد آئے بیٹھ جاوے اور سجدہ سہو کا کر کے سلام دے اور جو پانچویں
رکعت پڑھ کے چھٹی رکعت اوس کے ساتھ ملا کر سجدہ سہو کا کر کے سلام دیگا تو بھی نماز صحیح ہوگی چار
فرض و نفل ہو گئی بیان سنتوں نماز کا سنت موکدہ نماز میں بارہ ہیں ایک رکعت بدیں یعنی دونوں ہاتھ
کانوں تک کھڑے وقت اوٹھانے دوسرے دونوں ہاتھ باندھ کے نماز پڑھنی شروع سے سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ
وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ پڑھنا پہلی رکعت میں جو پہلے
اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ پہلی رکعت میں پڑھنا پانچوں رکعت میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
پڑھنا چھٹے تکبیرات انتقالات کی کہنی یعنی اوٹھتے بیٹھتے اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہنا ساتوں رکوع میں سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ
تین بار یا پانچ بار یا سات بار کہنا اٹھوں میں سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ کہنا نوں سجدہ میں سُبْحَانَ
رَبِّيَ الْاَعْلٰى تین بار یا پانچ بار یا سات بار کہنا دسویں التحیات کے پیچھے درود پڑھنا اَللّٰهُمَّ صَلِّ
عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ گیارھویں اس درود
کے پیچھے دعا پڑھنی اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَ
وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ
اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْمَاْثَمِ وَالْمَغْرَمِ جیسے یہ دعا نہ آوے اور کوئی قرآن میں سے یا حدیث میں سے یاد کر کے
درود کے پیچھے پڑھے بارھویں الحمد کے پیچھے آمین کہنا یہ بارہ سنتیں موکدہ نماز میں ہیں ان کے سوا اور بعضے
چیزیں کتابوں میں سنت لکھی ہیں اور بعضے میں مستحب اگر یہ ساری سنت نماز میں بجا لایا نماز کامل ہوئے
اور جو ان میں سے کوئی سنت ترک کرے نماز صحیح ہو پر مکروہ ہوتی ہے یعنی ثواب کم ہو جاتا ہے نماز سنت اور نفل اس واسطے
مقرر ہوئی ہے کہ جو فرض نماز میں کچھ نقصان یا خلل ہوا ہو قیامت کو دن سنت اور نفل سے پوری کریں اور اوس
شخص کی نجات ہو واسطے ہر انسان پر لازم ہے کہ فرضوں کے ادا کرنے میں بہت کوشش کرے سب کاروبار
چھوڑ کے فرض ادا کرے اگر نماز کا وقت تنگ ہو یا بیماری سے نماز پڑھنی مشکل پڑے یا سفر میں مسافر
جاتا ہو فرض کو ادا کرے باقی نماز کی فرصت ملے تو اوس سے بھی پڑھ لیں خیر کیونکہ قیامت کے

دن فرضون کے ترک سے بڑا عذاب ہوگا اور واجب کے ترک سے بھی عذاب ہوگا بالفرض تم
اور سنت کے ترک سے قیامت کے دن اسے غصہ کرینگے جھڑکینگے پر عذاب سخت نہ دینگے اور مستحب
نفل کے ترک کرنے والے بڑے درجون سے محروم رہینگے **جماعت** سے نماز پڑھنی سنت
سوکدہ ہے بلکہ بعض علمانے واجب کہا ہے مسلمان پر لازم ہے کہ جماعت کا تاکید بہت رکھے اگر
جماعت سے ایک نماز پڑھے گا ستائیس نمازون کا ثواب پاویگا اور فرض نماز مسجد مین پڑھے اگر گھر
مین یا دکان مین پڑھے گا ایک نماز کا ثواب ملے گا اور جو محلے کی مسجد مین پڑھے گا پچیس نماز کا ثواب
ملے گا اور جو جمعے کی مسجد مین پڑھے گا پانسو نماز کا ثواب ملے گا اور جو مسجد اقصے مین پڑھے گا ہزار نماز کا
ثواب ملے گا اور جو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی مسجد مین پڑھیگا پچاس ہزار نماز کا ثواب ملیگا اور جو
کعبہ شریف کی مسجد مین پڑھیگا لاکھ نماز کا ثواب ملیگا **امامت** ایسا آدمی کرے کہ سارے جماعت کے
لوگون مین علم دین کا زیادہ رکھتا ہو اور قرآن شریف خوب صحیح پڑھتا ہو اگر قابل امام نہ ہوگا اپنی اور تمام
مقتدیون کی نماز کھووے گا جس شخص کے مذہب مین خلل ہو نماز اوسکے پیچھے مکروہ ہے اور نماز فاسق کے پیچھے
بھی صحیح پر مکروہ ہے فاسق وہ ہے کہ گناہ کبیرہ جیسے کیا یا صغیرہ پر جو پکڑی ہمیشہ کیا کرتا ہے لڑکے نابالغ کے
پیچھے نماز صحیح نہین پر تراویح کو بعضے علمانے جائز رکھا ہے اور بعضون نے نہین رکھا اگر امام بیماری
سے بیٹھکے نماز پڑھتا ہو اور مقتدی کھڑے ہون یا امام عذر سے تیمم کرے اور مقتدی وضو کرکے پڑھین
یہ جائز ہے اور نماز سب کی صحیح ہے ساری صف کے پیچھے جدا ہو کے ایک آدمی کو کھڑا ہونا مکروہ ہے
اور بہت برا ہے سنت یون ہے کہ جب تک صف اول ساری بھر نہ لے پیچھے کوئی کھڑا نہو اور جو صف
مین جاگہ نہ ہے چاہیے کہ ایک آدمی صف سے نکل کے پچھلے کے پاس آکے دو ہو جائین اوسے اکیلا
نہ چھوڑین مقتدی سب کندھے سے کندھا ملا کر برابر کھڑے ہون بیچ مین جاگہ نہ چھوڑین اور پاؤن آگے
پیچھے کرکے صف کو بیکا نہ کرین کہ بہت برا ہے **اذان** کہنی فرضون کے واسطے سنت ہے
وقت پر پڑھے یا قضا ہو اور مسافر جنگل مین بھی اذان کہکے نماز پڑھے اور چاہیے نرمی اقامت
کہے جب موذن کہے اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ سنے تو اللہ بھی اوسکے پیچھے کہے
جب وہ کہے اَشْہَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَشْہَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ یہ بھی کہے جب وہ کہے اَشْہَدُ
اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَشْہَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ یہ بھی کہے جب وہ کہے حَیَّ عَلَی
الصَّلٰوۃِ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ یہ کہے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ جب وہ کہے حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ حَیَّ
عَلَی الْفَلَاحِ یہ کہے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ جب وہ کہے اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ

اللہ اکبر لا الٰہ الا اللہ یہ بھی کہے جو کوئی بعد اذان کلمہ شہادت پڑھ کے یہ دعا پڑھے اللھم رب ھذہ الدعوۃ التامۃ والصلوٰۃ القائمۃ آت محمدن الوسیلۃ والفضیلۃ والدرجۃ الرفیعۃ وابعثہ مقاما محمودن الذی وعدتہ وارزقنا شفاعتہ یوم القیمۃ انک لا تخلف المیعاد حق تعالیٰ اوسکے گناہ بخشے اور حضرت اوسکی شفاعت کرین جس طور جواب اذان کا اوسی طور جواب اقامت کا ہی پر جب موذن کہے قد قامت الصلوٰۃ یہ کہے اقامھا اللہ وادامھا اذان کے پیچھے دعا کرے جو چاہے امید قبول کی ہی اذان سنکے نماز کے واسطے آہستہ آہستہ چلکے آوے دوڑ کے نہ چلے کہ برا ہی اور جماعت کے واسطے بھی دوڑ کے نہ چلے اگر انسان چاہے کہ جید نماز پڑھے ایسے طور سے کہ جس مین فرض واجب سب ادا ہون اور مکروہات سے خالی ہو وہ نماز یون ہے کہ اذان سنکے اور اوسکے پیچھے اقامت یعنی تکبیر ہو اور حی علی الصلوٰۃ کے وقت امام اوسکے اور دل کو خدا کی طرف متوجہ کرکے نیت کرے اور قد قامت الصلوٰۃ کے وقت دونون ہاتھ کانون تلک اوٹھاکے اللہ اکبر کہے اور مقتدی امام کے پیچھے اللہ اکبر کہین اور عورت موندھون تلک ہاتھ اوٹھاوے اور دایان ہاتھ بایین کے اوپر مردنا ف سے نیچے اور عورت چھاتی پر باندھے امام اعظم کے مذہب مین اور اور علما کے مذہب مین مرد بھی چھاتی پر باندھے اور سبحانک اللھم سب نمازی آہستہ پڑھین امام ہو یا مقتدی یا اکیلا پھر امام اور اکیلا اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم آہستہ پڑھین مقتدی پھر نہ پڑھین امام اور منفرد الحمد پڑھے پھر سارے نمازی آہستہ آمین کہین امام اعظم کے مذہب مین مگر مقتدی جبکہ امام کی الحمد سنے پھر امام اور اکیلا سورت پڑھے اور مقتدی چپکے سنا کرین جب قرات پڑھ چکے اللہ اکبر کہتا ہوا رکوع مین جائے اور مقتدی امام سے پیچھے رکوع کرین اور انگلیان دونون ہاتھون کی کشادہ کرکے دونون گھٹنے مضبوط پکڑین اور دونون ہاتھ سیدھے رکھین جیسے کمان کا چلہ اور سر کمر برابر ہمواری برابر رہے سر اونچا نیچا نہو اور سبحان ربی العظیم تین بار یا پانچ بار یا سات بار کہین پھر امام پیچھے اوسکے مقتدی سر اوٹھاکے سیدھے کھڑے ہون امام سر اوٹھانے کے وقت سمع اللہ لمن حمدہ کہے اور مقتدی ربنا لک الحمد کہے اور اکیلا نمازی دونون کہے اور صاحبین کے نزدیک امام بھی دونون کہے بہت علما کا یہی عمل ہے جب قومہ پورا کرین اول امام پیچھے اوسکے مقتدی اللہ اکبر کہتے ہوئے سجدہ مین جائے پہلے زمین پر گھٹنے پھر دونون ہاتھ کی انگلیان ملاکے قبلے کیطرف کرکے برابر کانون تک رکھین اور بازو بغل سے اور پیٹ کو رانون سے اور پنڈلی کو اور بازون کو زمین سے مرد دور رکھین اور عورت

ان سب کو ملا دے اور سبحان ربی الاعلیٰ تین بار یا پانچ بار یا سات بار کہہ کر پھر امام پیچھے اوسکے
مقتدی اللہ اکبر کہتے ہوئے سجدہ سے سر اوٹھاکے جلسہ کی حالت میں بیٹھ کے پڑھیں اللھم اغفرلی
وارحمنی واھدنی وارزقنی اور جو سارے کلمے پڑھے ایک بارہ کلمے پڑھے عفیفت جانے
پھر امام پیچھے اوسکے مقتدی اللہ اکبر کہتے ہوئے دوسرے سجدے میں جائیں تیسری بار یا پانچ بار
یا سات بار سبحان ربی الاعلیٰ کہیں پھر امام پیچھے اوسکے مقتدی اللہ اکبر کہتے ہوئے دوسری
رکعت کے واسطے اوٹھیں پہلے مانتھا پھر ناک پھر دونوں گھٹنے اوٹھاکے کھڑے ہوکے جس طور پہلے
رکعت پڑھی تھی دوسری رکعت پڑھیں پر بسم اللہ اور اعوذ باللہ نہ پڑھیں جب دوسری رکعت
پڑھ لیں داہنا پانوں کھڑا کرکے اونگلیاں اوسکی قبلے کیطرف کریں اور بانوں بچھاکے اوسکے اوپر بیٹھیں
اور اونگلیاں دونوں ہاتھوں کی قبلے کی طرف کرکے دونوں زانو پر رکھکے التحیات پڑھیں اگر نماز دو
ہو درود دعا التحیات کے پیچھے پڑھ کے دونوں طرف السلام دین اکیلا نمازی السلام کے وقت بیچ میں یوں
نیت کرے کہ سلام دونوں طرف کے فرشتوں کو کرتا ہوں اور امام یوں نیت کرے کہ سلام مقتدیوں کو کرتا ہوں
اور مقتدی یوں جانے کہ سلام امام کو اور اوسکے ہمراہ اور جو مقتدی ہیں اونکو کرتا ہوں اور تحیات التحیات پڑھتے
وقت یہ چاہیئے کہ دونوں ہاتھوں داہنی طرف سے نکال دے اور ہاتھوں سیدھا بچھا دے اور جو نماز میں پانچ
رکعت کی ہو دو رکعت پہلے التحیات پڑھ کے کھڑا ہوکے تیسرے بار جو تیسری رکعت ہے الحمد پڑھ کے آخری
التحیات کے پیچھے درود دعا پڑھ کے سلام دے نماز میں یہ کھڑا رہے اور توجہ دونوں ہاتھوں پر برابر رکھے اور دونوں
پانوں کے بیچ چار انگل کھلا رکھے بہت چوڑا اور بہت تنگ نہ کرے اور نظر سجدے کی جگہ پر رکھے ادھر اودھر نہ دیکھے
اور امام کی تمام تر بات سنے کرے یعنی رکوع یا قومہ یا سجدہ یا جلسہ جو امام سے جلدی نہ کرے کہ بہت گناہ ہو جو کوئی
امام سے جلدی کریگا سر اوسکا گدھے کا سا ہوگا اور قومہ جلسہ کو خوب ادا کرے اور نہیں تو سزاوار گنہگار ہوگا اور
خدا کے چور میں لکھا جائیگا اور نمازی کو لائق ہے کہ نماز میں دل خدا کیطرف متوجہ رکھے ادھر اودھر نہ جانے دے
کہ بہت برا ہے اور جو خدا توفیق دے بعد سلام کے آیت الکرسی ایکبار اور سبحان اللہ تینتیس بار
الحمد للہ اسی بار اللہ اکبر چونتیس بار لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک
ولہ الحمد یحیی ویمیت بیدہ الخیر وھو علی کل شئ قدیر ایکبار پڑھے
اور دعا جو اپنی زبان میں چاہے اور وظیفہ دعا میں حدیث شریف میں بہت ہیں جسے چاہے پڑھے
جو کوئی امام کو رکوع میں پاوے شریک ہوکے اللہ اکبر کہکے دوسری بار اللہ اکبر کہکے رکوع
میں شریک ہو جاوے اور جو کھڑا ہوکے ایکبار اللہ اکبر کہا رکوع کیا اور بھی نماز میں داخل ہو

اور نماز صحیح ہوئی پر بعضے علمانے جب تلک دو بار سہو صحیح نہیں رکھا ہے اور جو نیت کرکے اللہ اکبر جھک
سے رکوع کے نزدیک ہوئے کہا نماز صحیح نہوئی سب علما کے مذہب پر ہیں اگر فرض نماز قضا ہوا اور دوسری
نماز کا وقت آوے یا وتر قضا ہو اور فجر کی نماز کا وقت آوے واجب ہے کہ پہلے قضا نماز پڑھ کے
پیچھے ادا کے ادا پڑھے اور جو وہ چار نمازیں قضا ہوئیں واجب ہے کہ ترتیب سے پڑھے یعنی پہلے صبح
کے پھر ظہر کی اسی طور آخر تک اگر ایک نماز قضا ہوا اور اوسکے یاد پر دوسرے وقت کی پڑھے ادا نماز
صحیح نہوئی اگر قضا نماز یاد ہے اور وقت ادا کا تنگ ہے کہ دونوں نمازیں نہیں پڑھ سکتا ہے اول نماز
ادا پڑھے پیچھے اوسکے قضا پڑھے اور جو قضا نماز بھول گیا اور ادا پڑھ لی تو بھی جائز ہے بعد اوسکے قضا پڑھ لے
اور جو کسی شخص نے چھ نمازیں قضا کیں اب سات ویں نماز اوسکی یاد پر پڑھنی جائز ہے جب ان چھٹوں کو پڑھ چکے گا
پھر صاحب ترتیب ہو جائیگا اگر بعد اوسکے ایک یا دو تین یا چار یا پانچ نمازیں قضا ہوئیں پہلے اونکو پڑھ کے
تب وقت کی نماز پڑھے گا اور جو چھ قضا ہوئیں چھ ترتیب ساقط ہوئی پھر جب ان چھٹوں کو پڑھ لیا
صاحب ترتیب ہو گیا اگر نمازی نماز کے اندر کچھ بات بول اٹھے جان کے یا بھول کے یا کسی کو سلام کرے
یا جواب سلام کا زبان سے یا کہاوے یا پڑھے یا آواز کر کے روئے درد مصیبت سے یا آہ آہ کرے
یا اُخ اُخ کہا نسے یا چھینکنے والے کو کہے یرحمکم اللہ یا کسی نے اپنی خبر نیک یا خوشی کی بات کہی اور اوسنے
جواب میں کہا سبحان اللہ والحمد للہ یا کسی نے اپنی مصیبت کی بات سنی اوسنے اوسکے جواب
میں کہا لاحول ولا قوۃ الا باللہ یا کہا انا للہ وانا الیہ راجعون یا نماز میں قرآن ایسا
غلط پڑھا جس سے معنی اور ہو گئے یا آپ نے امام کے سوائے کسی اور کو غلطی بتائی یا نماز میں قرآن بھول
گیا اور اپنے مقتدی کے سوا کسی اور کے بتلانے سے لقمہ کے لیا یا بے ہیئت سجدہ کیا یا قبلے کی طرف سے
چھاتی اوسکی پھری یا نماز میں کوئی فرض بے عذر ترک کیا یا سجدے میں دونوں پانوں زمین سے اوٹھائے
یا نماز میں قرآن دیکھ کے پڑھا یا نماز میں امام کے آگے کھڑا ہو گیا نماز اوسکی ان سب صورتوں میں باطل ہوئی
یعنی ٹوٹ گئی اور جاتی رہی پھر نماز پڑھے اور جو نماز کے اندر عمل کثیر کیا نماز ٹوٹی عمل کثیر وہ ہے کہ جو کام
ہاتھوں سے ہوا کرتا ہے اگر نمازی نے اوسی کام کو دونوں ہاتھوں سے کیا یا ایک ہاتھ سے کیا نماز ٹوٹی اگر
نماز میں مسکرایا بغیر آواز کے نہ وضو جاوے نہ نماز اور جو آواز سے ہنسا پر اسی نے سنا غیر نے نہ سنا ایسی ہنسی
سے نماز جاتی ہے پر وضو میں خلل نہیں ہوتا اور جو کھلکھلا کے ہنسا غیر نے سنا وضو بھی گیا اور نماز بھی گئی
اگر قصد کرکے وضو توڑے نماز فاسد ہوئی اگر تین بار ایک رکن کے اندر نماز میں بلا عذر کھجلایا نماز فاسد
ہوئی مکروہات نماز کے بہت ہیں بعضے ضروری بیان ہوتے ہیں اگر واجب نماز کا ترک کیا مکروہ تحریمی ہے

بہت مکروہ ہوتی واجب ہی ایسی نماز پھیر کے پڑھے اور جو سنت مؤکدہ ترک کی تھی پھیر پڑھے اور جب
ترک کیا نماز صحیح ہی پر تھوڑا سا ثواب کم ہوا نماز میں حرکت عبث یعنی بیفائدہ کرنی مکروہ ہی اگر ضرورتی ہی
اور جو بہت سے نماز فاسد ہوتی ہی نماز میں ہاتھ کی ہتھیلی پونچھنی مکروہ ہی اور کپڑے کو بھی سے بچانے
کے واسطے اوٹھانا مکروہ ہی اور کپڑے کو کاندھے پر ڈال کے دونوں طرف سے لٹکانا ناپاک کیا جامہ کے
بندا وسکے نہ باندھنے مکروہ ہی سر ننگے نماز کرنی مکروہ ہی سر پر بالوں کا جڑا باندھنے نماز مکروہ نہیں
بلکہ ثواب یوں ہی کہ بالوں کو نماز کے وقت کھول دے تو وہ بھی سجدہ کریں ہاتھ کے آگے سے
کنکر مٹی دور کرنی مکروہ ہی جو سجدہ ہو سکے اور جو نہو سکے ایکبار یا دوبار دور کرے نہیں نماز بگڑے اونگلیاں
نماز میں چٹکانی مکروہ ہی نماز میں ادھر ادھر دیکھنا یا آسمان کی طرف دیکھنا یا بلا ضرورت ہنسی طرف یا پائین طرف
اور جمائی لینی انگڑائی توڑنی زمین پر سجدہ کرنے میں باہیں ڈالنی یا پیٹ سے ران ملانی مکروہ ہی
اور مرد کو لال زرد کپڑوں سے یا ریشمی کپڑوں سے یا گھیرہ پگڑی سر پر باندھ کے کپڑے کھول کے نماز
مکروہ ہی اور جن کپڑوں میں آدمی یا جانور کی صورت ہو نماز پڑھنی مکروہ ہی اور نماز کے آگے سے چلا جانا
بہت بڑا گناہ ہی اسواسطے نمازی کو لائق ہے کہ جس جا گہہ رستا چلتا ہو نماز نہ پڑھے بلکہ ایک لکڑی اپنی
آگے کھڑی کر کے پڑھے نماز میں کھانسنا خوب نہیں جب تلک نہ روکے لاچاری کو معاف ہی جسوقت
بھوک غالب ہو اور کھانا بھی طیار ہو اور دل بٹا ہوا ہو یا انسان کو احتیاج مکان ضرور یا پیشاب کی ہو نماز
مکروہ ہی اور خاطر جمع کر کے نماز پڑھے جو نماز کا وقت ہو پھیر کے پڑھنا خوب ہی تو قیامت کے عذاب سے
چھوٹے اور جو نہ پڑھا فرض سر سے اوتر گیا تصیر واجب ہوا اگر انسان بیمار ہو کہ کھڑا ہو سکے بیٹھ کے نماز پڑھے
اور رکوع سجدہ کرے اور جو رکوع سجدہ نہیں کر سکے دونوں کے واسطے اشارہ کرے پھر رکوع
کے واسطے تھوڑا جھکا دے سجدے کے واسطے بہت جھکا دے اور جو بیٹھنے کی طاقت
نہو لیٹ کر نماز اشارہ سے پڑھے چت لیٹے اور پاؤں قبلے کیطرف کر کے یا جیسا گوارہ ہو نماز اشارہ
اوس طور سے لیٹ کر قبلے کیطرف منہ کر کے اور جو ایسا بیمار ہو کہ اشارہ کی واسطے بھی سر نہیں اوٹھا سکتا
نماز موقوف رکھے جب تلک حق تعالے سر اوٹھانے کی طاقت دے جب طاقت سر اوٹھانے کی آوے
نماز شروع کرے اور بعضے علماء نے کہا جسے طاقت سر اوٹھانے کی نہو دل میں نیت کر کے دل سے
نماز پڑھے اور پلک سے اشارے رکوع سجدوں کے کرے غرض نماز چھوڑنا نماز کا نہیں
بدچیز ہے قیامت کے دن بے نمازی کو عذاب سخت ہوگا اگر انسان شہر میں ہمیشہ رہتا ہو یا زیادہ سفر کا
کر کے اپنے گھر سے نکلے اور عمارت شہر کی سی باہر ہو ایسا شخص مسافر ہوا جاز کوت فرض

دو رکعت پڑھے یعنی ظہر عصر کی عشا کی نماز دو رکعت پڑھا کرے اور فجر مغرب کی نماز پوری پڑھے مگر نکری
اور جو مسافر امام ہو اور مقیم مقتدی ہو مسافر اپنی دو رکعت نماز پڑھ کے سلام پھیرے اور مقیم مقتدی کھڑا
ہو کے دو رکعت باقی اپنی پڑھ کے سلام پھیرے اگر مسافر اپنے گھر آیا اب سفر تمام ہوا چار دن رکعتا
اگے گھر میں پڑھے اور جو راہ میں مسافر نے کسی شہر میں یا کسی گانوں میں پندرہ دن یا پندرہ سے زیادہ
رہنے کا ارادہ کیا تو بھی چار رکعت پڑھا کرے جب اوس مکان سے سفر کریگا پھر دو گانہ پڑھے گا مسافر
سنتوں کو کم نکرے پر جو راہ میں چلا جاتا ہو اور سنت پڑھنے کی فرصت نپاوے سنت موقوف کرے اور فرض

پڑھے نماز جمعے کی فرض ہی دو رکعت جماعت سے شہر میں اکیلے صحیح نہیں گانوں میں بھی صحیح نہیں جمعے
کے فرض پڑھنے سے ظہر کی نماز معاف ہوتی ہی نیت یوں کرے نماز کرتا ہوں دو رکعت فرض اس
جمعے کی واسطے اللہ تعالی کے منہ میرے سرے خالصاً للہ تعالی اقتدیت بھذا الامام متوجہاً
الی جہۃ الکعبۃ الشریفۃ اللہ اکبر جمعے کے دن بعد دوپہر کے وقت اذان کے خرید فروخت
حرام ہی طیاری نماز کی کرے اور دنیا کے کاروبار موقوف کرے جب امام خطبہ پڑھے اوسکی طرف
سب متوجہ ہو کے خطبہ سنیں اول سے آخر تک خطبے کے باتیں نکریں اور نماز سنت نفل نہ پڑھیں جب
بیٹھے رہیں جب نماز ہوے خرید فروخت مباح ہوئی جمعے کے دن شہر میں ظہر کی نماز جماعت سے مکروہ
امام اعظم کے مذہب میں وتر کی نماز اور دونوں عید کی واجب ہی اور علما کے مذہب میں تینوں نماز
سنت موکدہ ہیں عید الفطر کے دن سنت یوں ہی کہ پہلے کچھ کھا دے اور مسواک کرے اور غسل
کرے اچھے اچھے کپڑے پہنے اور خوشبو اگر میسر ہو لگا دے اور صدقہ فطر کا فقیروں کو دے کے
عیدگاہ کو نماز کے واسطے جاوے اور راہ میں آہستہ آہستہ تکبیر کہتا ہوا چلا جاوے جب عیدگاہ میں
پہونچے تکبیر موقوف کرے تکبیر یوں ہی اللہ اکبر اللہ اکبر لا الہ الا اللہ واللہ اکبر اللہ اکبر وللہ الحمد
وقت نماز عیدین کا اشراق کے وقت سے دوپہر تک ہی عیدین کی نماز یوں پڑھے نیت کرے تکبیر
تحریمہ کے بعد ہاتھ باندھے سبحانک اللھم پڑھے جب پڑھ چکے دونوں ہاتھ کانوں تلک اٹھا
کے اللہ اکبر کہے اور ہاتھ چھوڑ دے پھر ہاتھ اوٹھا کے اللہ اکبر کہے اور ہاتھ چھوڑ دے
پھر ہاتھ اوٹھا کر اللہ اکبر کہکے ہاتھ باندھ لے اور دوسری رکعت میں جب قرات پڑھ چکے اسی طور تین بار
اللہ اکبر کہکے پھر ہاتھ تیسری بار نہ باندھے بلکہ چوتھی بار اللہ اکبر کہکے رکوع کرے عید اضحے کے دن بھی یوں ہی
کرے جیسے عید الفطر میں ہی پر نماز سے پہلے نہ کھاوے بلکہ بعد نماز عید کے اپنی قربانی میں سے کھاوے
اور راہ میں تکبیر پکار کے پڑھتا چلے اور دونوں عیدوں میں بہتر یوں ہی کہ جاوے ایک راہ سے

آوے دوسری راہ سے تو تین تاریخ ذی الحجہ کی دوپہر ہوتے تاریخ عصر کی نماز تک ایسا ہو پھر نماز ظہر کے
پڑھنے کے بعد اللہ اکبر اللہ اکبر لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر اللہ اکبر وللہ الحمد یہ تکبیر جہاں کا
مردہ مسلمان کو غسل دینا اور کفن گور کرنا اور نماز جنازہ کی یہ سنی فرض کفایہ ہے جو بعضے مسلمان بھی
یہ کام کرلیں کے سب کے سر سے اوتر جائیگا اور جو کسینے نکیا جس جس کو مردے کا احوال معلوم ہوگا
سب گنہگار ہوں گے مسلمان پر لازم ہے کہ اپنی موت یاد رکھے حدیث شریف میں آیا ہے جو کوئی تین بار
موت کو یاد کریگا ہر مرتبہ درجہ شہادت کا پاویگا اور لازم ہے کہ جو کسیکا دین حق اسپر آتا ہو یا نماز یا روزہ
یا کفارت قسم کی یا کچھ اور اسکے ذمے ہوں سب چیز وں کو لکھ کے اپنے پاس رکھے کہ اگر اچانک موت
آوے اور اسکے پیچھے وارث اوسکے اذکرین جب انسان مرنے لگے اوس کے پاس وارثوں کلمہ پڑھنے
اور سورہ یٰسین جب مرجاوے تو بلا دیری سے غسل کفن کرکے نماز جنازے کی پڑھکے دفن کرنے اور
کریں انا للہ وانا الیہ راجعون کہیں رونا چلانے کے اور ہائے کرنا اور بال نوچنا اور سینہ پیٹنا حرام ہے
بلکہ حضرت نے ایسے لوگوں پر لعنت کی ہے لیکن فقط دل سے غم کرنا اور آنسو بہنا آہستہ رونا منع نہیں
اگر بغیر نماز پڑھے مردے کو دفن کیا ہو تو اسکے اوپر نماز اسکے گور پر پڑھیں نماز جنازہ کے لیوں ہے
کہ پہلے نیت کرے نماز پڑھنا سوا اس جنازے کی نماز واسطے اللہ کے اور دعا واسطے اس میت کے
سونہہ میرا طرف کعبہ شریف کے اللہ اکبر اور دونوں ہاتھ کانوں تلک اٹھاوے اور باندھ لیوے پھر
ہاتھ نہ اوٹھاوے اور پڑھے سبحانک اللھم وبحمدک وتبارک اسمک وتعالی جدک ولا الہ غیرک پھر اللہ اکبر کہکے پڑھے اللھم صل علی محمد وعلی ال محمد کما صلیت
علی ابراھیم وعلی ال ابراھیم انک حمید مجید اللھم بارک علی محمد وعلی ال محمد
کما بارکت علی ابراھیم وعلی ال ابراھیم انک حمید مجید پھر اللہ اکبر کہکے پڑھے اللھم اغفر لحینا وستیتا وشاھدنا وغائبنا وصغیرنا وکبیرنا
وذکرنا وانثانا اللھم من احییتہ منا فاحیہ علی الاسلام ومن توفیتہ منا فتوفہ
علی الایمان اور جو میت لڑکا ہو یہ دعا پڑھے اللھم اجعلہ لنا فرطا واجعلہ لنا اجرا وذخرا
واجعلہ لنا شافعا ومشفعا اور جو لڑکی ہو یہ دعا پڑھے اللھم اجعلھا لنا فرطا واجعلھا لنا اجرا
وذخرا واجعلھا لنا شافعۃ ومشفعۃ ۞ پھر جہنی بار اللہ اکبر کہکے دونوں طرف
سلام دے جو بچہ پیدا ہوکے رونے یا حرکت کرے کہ جیتا ہونا اوسکا معلوم ہوا اوسپر نماز
اور جو مردہ پیدا ہو غسل دیکے کپڑے میں لپیٹ کے دفن کردیں نماز نہیں ہیں اور کا حاوے

اوس عورت پر واجب ہی کہ چار مہینے اور اوس روز تک سوگ کرے یعنی بناؤ سنگار موقوف کرے مہندی چوڑی سرخ رنگ کپڑا استعمال نکرے اور تیل سرمہ کاجل نہ لگاوے اور خاوند کے گھر سے باہر نجاوے اور جو کوئی کاروبار سودے سلف کو بھولا بھاری کو دن مین باہر جایا کرے اور رات کو اوسی گھر مین آ کر رہے جو دن کو رات کو حضرہ ہو یا گھر ڈہی جاوے یا کوئی زبردستی اوسے گھر سے نکالے لاچار کوسنی اور گھر مین جاکے سوگ کرے پر صبر سے بیٹھی رہے پٹنا چھٹنا حرام ہے جب چار ماہ دس روز ہو لین سوگ دور کرے یعنی مہندی یا خوشبو لگاوے اور جو خاوند کے سوا کوئی اور مر جاوے باپ یا بھائی یا بیٹا یا اور کوئی تین دن تک سوگ کرنا جائز ہی واجب نہین چاہے کرے چاہے نکرے اور تین دن سے زیادہ سوگ کرنا حرام ہی قبرستان مین زیارت کے واسطے جانا ثواب ہی ہر قبر کو دیکھے اپنی مرت یاد کرے اور خدا سے اپنے واسطے اور مردون کے واسطے دعا رحمت اور بخشش کی مانگے اور الحمد اور قل ہو اللہ اور الہٰکم التکاثر یا اور جو کچھ کلمہ پڑہ کے ثواب اونکو بخشے اہل قبرستان مین جاکے یہ دعا پڑہے اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ الْقُبُوْرِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُؤْمِنِيْنَ اَنْتُمْ لَنَا سَلَفٌ وَنَحْنُ لَكُمْ تَبَعٌ وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْنَ يَرْحَمُ اللّٰهُ الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنَّا وَالْمُسْتَاْخِرِيْنَ نَسْئَلُ اللّٰهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ وَيَرْحَمُنَا اللّٰهُ وَاِيَّاكُمْ جو عبادت خدا کے واسطے کرے نماز نفل یا روزہ یا حج یا فقیرون کو کھلانا یا پانی پلانا اور اوس عبادت کا ثواب مردے کی روح کو بخشنے اوسے ثواب ہو بخشنا ہی پر جو بعض اوس عبادت مین خدا کیواسطے نہ کی جیسا بعضے جاہل پیرون کے نام پر بکرا یا مرغا یا مال کی نیاز کرتی ہین ایسی نیاز کسی کام کی نہین ایسی باتون سے پیر ناخوش ہوتے ہین اور یہ لوگ بڑے گنہگار ہوتے ہین بلکہ ایسے بکرے مرغے کا گوشت کھانا بعض علما نے حرام لکہا ہے خدا مسلمانون کو ان بلاؤن سے بچاوے قبرون کو سجدہ کرنا حرام ہی اور گرد اونکے پھیرنا نسبت اونکی مان نی اور روشنی انکی کرنی اور دعا اونسے مانگنی بہت زبون ہی بلکہ اونکے نام پر بکرا مان پہنی دوڑے ڈالنے بھی برا ہی اور سر پر بال چوٹی اونکے نام پر رکھنی بھی نہایت برا ہی یہ رسمین جہالتون کی ہین حق تعالیٰ نجات دے جسے دعا اولیا کے وسیلے سے منظور ہو یون کہے یا اللہ میری مراد فلانی ولی کے طفیل سے بر لا اور یون نکہے یا پیر میری مراد بر لاؤ اور نیاز یون کرے یا اللہ میرے بیٹا ہو تیرے نام کا فقیرون کو کھانا کھلاؤن اور ثواب اوسکا فلان ولی کی ارواح کو بخشون یون نکہے یا پیر تو مجھے بیٹا دیگا تیری نیاز کرونگا ایسی باتین بہت بری ہین خدا عمل کی توفیق دے شب برات کو مردونکی گور پر جانا چھانے بلکہ ہر وقت حرام ہین اولیا کی گور ہو یا شہید کی یا کسی اور کی اور لال تاگے باسن پر باندہنے

مزدوری کی فاتحہ دینی بیہودہ بات ہے جسے فاتحہ دینی منظور ہو کھانا بانٹ خدا کے واسطے محتاجوں کو دیدے
مردے کو بخش دے زیادہ بکھیڑا بیہودگی ہے اور شب برات کو گھر والوں کے اندر بہت سے چراغ جلانا اور آتشبازی
چھوڑنا حرام ہے کیونکہ یہ رات بزرگان دین کی عبادت کرنے بدعتوں سے توبہ کرنے کی ہے

بیان زکوٰۃ

اور صدقہ فطر کا بیان ارکن اسلام کا زکوٰۃ ہے اور روزہ فرض ہے جو کوئی زکوٰۃ فرض نجانے وہ کافر
ہے اور جہنم میں جائے گا اور اگر نہ دے قیامت کے دن اوسکا مال سانپ ہوکے اوسکے گلے میں
طوق ہوگا اور ڈستا جاندی دوزخ میں گرم کرکے اوسکے بدن پر داغ دینگے زکوٰۃ فرض ہے مسلمان
آزاد عاقل بالغ پر جب مالک نصاب کا ہو اور وہ نصاب کاروبار ضروری سے بچ رہے اور نصاب
پر ایک برس پورا گذرے یعنی غلام پر زکوٰۃ نہیں اور لڑکے اور دیوانے کے مال میں زکوٰۃ نہیں ہاں
ظاہر کے مذہب میں اور علماء فرماتے ہیں لڑکے اور دیوانے کے مال میں یعنی زکوٰۃ فرض ہے
اوسکی حفاظت کرنے والی اور انکا دینے اور لینے والی اور اوسکے پاس مال نصاب سے کم ہو اور پھر زکوٰۃ نہیں اور جسکے
پاس مال نصاب بھر ہو اور وہ اوسنا یا اوس سے زیادہ قرض دار ہو اور پھر زکوٰۃ نہیں رہتے کے
گھر دن میں پہننے کے کپڑوں میں خدمت کے غلاموں میں سواری کے جانوروں میں لڑائی کے
ہتھیاروں میں کسب کے اوزاروں میں رہنے کی کتابوں میں اور جو چیزیں اوس کے کاروبار
میں کام آتی ہیں جیسے تو اتاری کے لکھنے کے برتن اون میں بھی زکوٰۃ نہیں جس مال میں زکوٰۃ فرض
وہ مال دو قسم ہے ایک قسم نقد ہے یعنی سونا چاندی چاہے وہ سکہ اشرفی ہو یا ڈبو ریا پترے سونے چاندی کے
کے سکوں نصاب چاندی کی دو سو درم ہے جسکے بانوے تولہ اور چھ ماشہ چاندی ہوتی ہے چھ حصہ
دے اور پانچ کے اسی چاندی اوسکے پانچ اور سونا بیس مثقال ہے جسکا سات تولہ اور چھ ماشہ سونا ہوتا ہے چھ حصہ
خدا کی راہ میں دے اور نصاب سے زیادہ میں اسی حساب سے اور جس روز اوس پر گذرے چالیسواں حصہ زکوٰۃ دے
یا اوس کا سونا کاروبار ضروری سے بچ رہے اور جس روز اوس پر گذرے چالیسواں حصہ زکوٰۃ دے
پہلے پاس نصاب سے کم چاندی ہو اور نصاب سے کم سونا پھر تول کرے نصاب پورا کرے اور چالیسواں
حصہ زکوٰۃ دے عین زکوٰۃ میں ضرور ہے بغیر نیت کے ادا نہیں ہوتی جس پر زکوٰۃ فرض ہو جسوقت چالیسواں
حصہ زکوٰۃ دے نیت کرے اوسے زکوٰۃ فرض جان کے جدا کرکے اور فقیروں کو دے اور جو جدا نکالے جب کسی فقیر
کچھ دے اوسوقت جی میں سمجھ لے کہ یہ زکوٰۃ فرض ادا کرتا ہوں اگر نیت زکوٰۃ کی نہ کی اور سارا مال بانٹ دیا
زکوٰۃ سر سے اوتر گئی اور جو کچھ مال رکھا کچھ فقیروں کو دیا اور نیت زکوٰۃ کی نہ کی بعضے علماء نے کہا ہے
مال کی زکوٰۃ اوسپر لازم ہے اور بعضوں نے کہا جتنا مال بانٹا اوسکی زکوٰۃ سر سے اوتر گئی جتنا

اوسکی زکوۃ دے دوسری قسم مال زکوۃ کی یہ ہی کہ سوداگری کے واسطے خریدا کپڑا یا غلہ یا کچھ اور جب ایسی
مال پر برس روز گذرے اوسکی قیمت کرے اگر پاون تولے چھ ماشے چاندی یا اس سے زیادہ قیمت اوسکی
تھہرے چالیسوان حصہ زکوۃ دے تیسری قسم مال زکوۃ کی جانورین یعنی اونٹ گائین بکریان زیادہ رہا یا
گھر ساجے برس یا آدھے برس سے زیادہ جنگل مین چرا کرین زکوۃ اونمین واجب ہی اونٹ کی زکوۃ کی مسئلے بیان
نہین کیے تیس گائے بیلون سے کم مین زکوۃ نہین جب تیس پورے ہون اور برس اوپر گذرے ایک
بتیعا یعنی بچڑا یا بچڑی دو برس دن سے زیادہ کا دو برس سے کم کا دیوے جب چالیس ہون ایک مسنا
یعنی دو برس سے زیادہ تین برس سے کم کا بچڑا یا بچڑی دیوے جب ساٹھ ہون دو بتیعے دے
جب ستر ہون ایک مسنا اور ایک بتیعا جب اسی ہون دو مسنے جب نوے ہون تین بتیعے
جب سو ہون دو بتیعے اور ایک مسنا دے اسی طور سے ہر ایک تیس مین بتیعا اور ہر چالیس مین مسنا
دیا کرے گائے بھینس کی زکوۃ ایک طور ہی چالیس بکری سے کم مین زکوۃ نہین جب چالیس پورے
ہون اور برس اوپر گذرے ایک بکری زکوۃ دے ایک سو تیس تلک جب ایک سو اکیس ہون دو بکری
زکوۃ دی دو سو تلک جب دو سو سے ایک زیادہ ہو تین بکری دے ایک کم چار سو تلک جب چار سو پوری ہون
چار بکری دے پھر ہر سیکڑے مین ایک بکری دیا کرے بھیڑ بکری کی زکوۃ ایک طور ہی زکوۃ مین چاہے
بکری دے چاہے بکرا دے چھوٹے بڑے سب جانورون کے زکوۃ دے زکوۃ مسلمانون کو
دے کافرون کو نہ دے فقیرون کو دے دولتمندون کو نہ دے دولتمند وہ ہے کہ مالک
نصاب کا ہو اور جو نصاب سے کم مال اوسکے پاس ہو زکوۃ اوسے دینی جائز ہی زکوۃ اپنے
ماں باپ کو اور اپنی اولاد کو نہ دے اور عورت اپنے شوہر کو اور شوہر اپنی عورت کو نہ دے اور اپنے
غلام باندی کو نہ دے اور زکوۃ کا پیسا سید و نکو نہ دے سوا زکوۃ کے اور کچھ ادب سے گذرانے
اگر چچا بھائی اور قرابت والے محتاج ہون زکوۃ اونکو دینی بہت خوب ہی **صدقہ**
فطر کا جو شخص مالک نصاب کا ہو عید کے دن صدقہ فطر کا دینا اوسپر واجب ہی جتنے آدمی گھر کے
ہون ہر ایک کی طرف سے دو سیر گندم یا چار سیر جو فقیرون کو دے عید کی نماز کو جانے پر
